لیگرڈ' Paris Match کے اولیورا ماہونی' ریڈیو فرانس انٹرنیشنل کی صوفیہ مالیمکس' LeFigaro کی تھیری پورٹر شامل تھیں۔ وفد کی معاونت مولانا یوسف شاہ صاحب نے کی۔

دارالعلوم کے سابق مدرس حضرت مولانا فضل الٰہی شاہ منصوریؒ کی اہلیہ کی وفات:

گزشتہ دنوں دارالعلوم کے سابق استاد حضرت مولانا فضل الٰہیؒ کی اہلیہ انتقال کر گئیں۔ مرحومہ انتہائی عابدہ' زاہدہ اور نیک سیرت خاتون تھیں۔ جنازہ میں دارالعلوم کے اساتذہ کرام اور حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے شرکت کی۔ ادارہ حضرت مولاناؒ کے فرزند پروفیسر مولانا اظہار الحق حقانی و مولانا عطاء الحق حقانی' حضرت مولانا شمس الہادی مدظلہ اور حضرت مولانا مفتی رضاء الحق صاحب مدظلہ اور دیگر تمام پسماندگان سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

جناب اکرام اللہ شاہد کی والدہ کی وفات: صوبہ سرحد کے سابق ڈپٹی اسپیکر اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما جناب اکرام اللہ شاہد صاحب کی والدہ گزشتہ دنوں انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ صوبہ سرحد کے ممتاز عالم اور نامور ادیب' محقق جناب مولانا مدار اللہ مدار کی زوجہ تھیں۔ جنازہ حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے پڑھایا اور دارالعلوم کے کئی اساتذہ نے شرکت کی۔ ادارہ جناب اکرام اللہ شاہد کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔ اور قارئین الحق سے ان کے لئے رفع درجات کے لئے دعاؤں کی اپیل کرتا ہے۔

حضرت مولانا فضل واحد صاحبؒ کی وفات: علاقہ چھچھ کے نامور اور ممتاز عالم دین حضرت مولانا فضل واحد صاحبؒ گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔ آپ دارالعلوم تعلیم القرآن ویسہ کے مہتمم اور بانی تھے' علاقہ بھر میں آپ کی دینی مساعی اور اسلامی علوم و فنون کے فروغ کے سلسلے میں آپ کی بہت بڑی خدمات ہیں۔ آپ عابد و زاہد اور انتہائی مخلص اور ملنگ سار طبیعت کے حامل شخصیت تھے۔ دارالعلوم کے ابتدائی فضلاء میں سے تھے۔ زندگی بھر دارالعلوم اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہے۔ جنازہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے پڑھایا' حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور دیگر اساتذہ نے شرکت کی۔ آپ کا جنازہ علاقہ کا ایک تاریخی جنازہ تھا۔ اس موقع پر آپ کے فرزند مولانا فضل وہاب فاضل حقانیہ کی دستار بندی کی گئی۔ آپ کے دونوں صاحبزادگان مولانا فضل خالق دارالعلوم کے جید فضلاء ہیں۔ ادارہ اس موقع پر آپ کے خاندان کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔

دارالعلوم کے مخلص ڈاکٹر فضل عظیم صاحب کی وفات: دارالعلوم اور خانوادہ حقانی کے انتہائی مخلص اور معالج جناب ڈاکٹر فضل عظیم صاحب ساکن اکوڑہ خٹک گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ مرحوم اور ان کا تمام خاندان دارالعلوم کے قریبی مخلصین میں سے ہے۔ مرحوم ڈاکٹر صاحب انتہائی دیانتدار' مخلص اور خداترس انسان تھے۔ مرحوم کے رفع درجات کے لئے قارئین سے دعاؤں کی اپیل کی جاتی ہے۔